# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کی بلوچستان میں یکے بعد دیگرے دو دھماکوں کی شدید مذمت

دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج اور دکھ کا اظہار

زخمیوں کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات کی فراہمی کے مطالبے کے ساتھ ان کی جلد اور مکمل شفایابی کیلئے دعا

پولنگ سے ایک روز قبل بلوچستان کے دو علاقوں میں یکے بعد دیگرے دہشت گردی کے واقعات انتہائی افسوسناک اور باعثِ تشویش ہیں، ترجمان تحریک انصاف

شر پسند عناصر انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کو نشانہ بنا کر بدامنی اور انتشار کا ماحول پیدا کرنا چاہتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

عام انتخابات سے قبل بلوچستان میں دہشت گردی واقعات میں ہونے والا اضافہ نگران حکومتوں کی مسلسل مجرمانہ ناکامی اور نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، ترجمان تحریک انصاف

وفاقی اور صبوئی نگران حکومت جواب دے کہ بلوچستان میں سیکیورٹی ہائی الرٹ کے باجود انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کو تحفظ فراہم کیوں نہیں کیا جارہا، ترجمان تحریک انصاف

الیکشن کمیشن اور امن عامہ کے ذمہ دار ادارے دہشت گردی واقعات کا فوری نوٹس لیں اور پولنگ کے روز شہریوں کے تحفظ اور سلامتی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ترجمان تحریک انصاف

واقعات کی پوری تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کیلئے نگران حکومتوں کی مجرمانہ غفلت کی بھی تحقیق کی جائے، ترجمان تحریک انصاف

نگران حکومت اور الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری ہے کہ الیکشن کا پرامن اور شفاف ماحول میں انعقاد یقینی بنائیں اور امیدواروں اور ووٹرز کو مکمل تحفظ فراہم کریں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ